علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ نیوٹریشنل سائنسز اینڈ انوائرمینٹل ڈیزائن)

وارننگ

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ :

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفیکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ

6 کریڈٹ آورز کورس	مقررہ تاریخ	3 کریڈٹ آورز کورس	مقررہ تاریخ
مشق نمبر 1	10-06-2026	--	--
مشق نمبر 2	06-07-2026	مشق نمبر 1	06-07-2026
مشق نمبر 3	31-07-2026	--	--
مشق نمبر 4	20-08-2026	مشق نمبر 2	20-08-2026
نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے			

کورس: ابتدائی طبّی امداد/I(218) سمسٹر: بہار، 2026ء

سطح: میٹرک

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

(ہدایات برائے میٹرک، ایف اے، بی اے پروگرامز)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

4- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5- غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1تا3)

سوال نمبر 1- ابتدائی طبّی امداد کا مجاز کون ہو سکتا ہے؟ نیز ابتدائی طبّی امداد کے مقاصد تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 2- گھر پر فرسٹ ایڈ بکس رکھنے کی اہمیت لکھیں نیز نبض دیکھنے اور منہ سے درجہ حرارت لینے کا طریقہ بھی تحریر کریں۔

(20)

سوال نمبر 3- خون کی گردش سے کیا مراد ہے؟ خون کی ساخت اور نظام پر تفصیل سے روشنی ڈالیے۔ (20)

سوال نمبر 4- انسانی جسم میں نظامِ تنفس کیا کام سرانجام دیتا ہے؟ اشکال کی مدد سے تفصیل سے تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 5- اعصابی نظام کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ نیز عضلات کی اقسام بیان کیجیے۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ: 4تا6)

سوال نمبر 1- زخمی مریضوں کی زندگی کو خطرے سے نکالنے کے لیے کون سی ابتدائی امداد دی جاسکتی ہے؟ (20)

سوال نمبر 2- شعاعوں کی حرارت سے جلنے سے کیا مراد ہے؟ نیز لو اور گرمی کے اثرات اور وجوہات پر تفصیل سے تحریر کریں۔(20)

سوال نمبر 3- گھر پر جلنے سے بچاؤ کے لیے کیا حفاظتی اقدامات کیے جاسکتے ہیں؟ تفصیل سے تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 4- زخم اور گھاؤ سے کیا مراد ہے؟ نیز زخم ہونے کے عام وجوہات کیا ہے؟ (20)

سوال نمبر 5- زہریلے اور غیر زہریلے سانپوں کی پہچان لکھیں نیز ان کے کاٹنے کی صورت میں مریض کی جان کیسے بچائی جاسکتی ہے؟

(20)